ایک مسودہ قانون.

خیبر پختونخوا کے نفاذ معیاری اوزان اور درجہ پیائش ایکٹ 1979ء میں ترمیم.

تمہید: ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا کے نفاذ معیاری اوزان اور درجہ پیائش ایکٹ 1976ء میں مابعد بیان کردہ ذیل مقاصد کے لیے ترامیم کی جائیں.

لہذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے.

1. **مختصر عنوان وسعت اور آغاز نفاذ:** (1) ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا کے نفاذ معیاری اوزان اور حد پیائش کا (ترمیمی) ایکٹ 2012ء کے نام سے موسوم کیا جائے.

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا.

2. **خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 26 میں ترمیم:** صوبہ خیبر پختونخوا کے نفاذ معیاری اوزان اور درجہ پیائش ایکٹ 1976ء (ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء) جو کہ بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کہلائے گا کی دفعہ 26 میں،

(الف) ذیلی دفعہ (1) میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا.اور

(ب) ذیلی دفعہ (2)، میں لفظ ''ایک ہزار پانچ سو'' کی بجائے لفظ ''بیس ہزار'' مانا جائیگا.

3. **خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 27 میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 27، میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اسکا متبادل مانا جائے گا.

4. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 28 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 28 میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اس کا متبادل مانا جائیگا۔

5. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 29 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 29 میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا۔

6. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 30 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 30 میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا۔

7. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 31 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 31 میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا۔

8. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 34 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 34 میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''تیس'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا۔

9. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 36 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 36 میں لفظ ''دو ہزار پانچ سو روپے'' کی بجائے لفظ ''پچاس ہزار روپے'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا۔

10. خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء میں نئی دفعہ 145 کی شمولیت: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 45، کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے، یعنی

"145 دوسرے قوانین کو منسوخ کرنے کا ایکٹ، ایکٹ ہذا کے نفاذ کے ساتھ اس کے جملہ تشریحات ، حالیہ نافذ العمل قوانین میں بیان کردہ کسی شے سے بھی بلا تصادم دوسرے قوانین کو منسوخ کرنے کا حق رکھتا ہے۔

11۔ خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 3 آف 1976ء کی دفعہ 43 میں ترمیم: مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 46 کی ذیلی دفعہ (3)، میں لفظ ''دو'' کی بجائے لفظ ''بیس'' کو اسکا متبادل مانا جائیگا۔

بیان اغراض وو جوہ۔

مستحسن یہ ہے کہ عرصہ 35 سال قبل کے ایکٹ میں فراہم کردہ تاوان کی مقدار کی شرح میں مناسب اضافہ کیا جائے۔اور کیونکہ تعین کردہ شرح تاوان خلاف ورزیوں کی فطرت سے موافق نہیں ہیں۔اور قانون کے تحت انسداد ممانعت کے قیام کے لیے بالکل بھی ناکافی ہیں۔امر ہذا بھی قابل غور وفکر ہے کہ چند خصوصی نوعیت کے معاملات میں ہرجانے کی مالیت ہی توثیقی فیس سے بھی کم ہوتی ہے۔ بہ طور مثال سی این جی کے تقسیم کار کی ویری فیکیشن فیس کی مالیت مبلغ -/3000 روپے ہے جبکہ غیر اہلیت کاری کی نوعیت کے کیس کی شرح ہرجانہ -/2000 روپے ہے۔جسکے نتیجے میں اہلیت کاری لانے کی بجائے قانون کو حیلہ فریب کے ذریعے حکم عدولی کے عمل کو بھی ترجیح حاصل ہوجاتی۔

لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔